**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

## بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کے دورانِ عدّت نکاح کے لغو، بیہودہ، جھوٹے اور بے بنیاد مقدمے میں شرمناک عدالتی فیصلے پر پاکستان تحریک انصاف کا ردِعمل

جج قدرت اللہ کا فیصلہ نہایت شرمناک، شرعی احکامات کے منافی اور کتاب اللہ، قانون اور ازدواجی و عائلی قوانین پر سنگین اور شرمناک حملہ ہے، ترجمان ترجمان تحریک انصاف

اپنے فیصلے سے جج قدرت اللہ نے ریاست کے چہرے سے غیرت، حمیّت، شرم اور تہذیب کا نقاب نوچ کر اس کے باطن میں پنپتی غلاظت کو دنیا پر آشکار کر دیا ہے، ترجمان تحریک انصاف

تاریخ کے لغو، بیہودہ اور غیر شفاف ترین ٹرائل کا نہایت سیاہ رو فیصلہ لکھ کر جج قدرت اللہ نے پورے نظامِ عدل کا سر شرم سے جھکا دیا ہے، ترجمان تحریک انصاف

چادر اور چار دیواری کی حرمت سے یکسر لاعلم ریاست نے آج افراد خصوصاً ازدواج کے نکاح و طلاق جیسے معاملات میں غیر قانونی، غیر شرعی، غیر اسلامی اور غیر اخلاقی مداخلت کرکے آوارگی کا ثبوت دیا ہے، ترجمان تحریک انصاف

بانی چیئرمین عمران خان کو غلامی پر راضی کرنے اور خدا کی بندگی سے ہٹا کر اپنے سامنے جھکانے کیلئے بدمعاش ریاستی منصوبہ سازوں نے اللہ کی حدود کا کھلا مذاق اڑایا ہے اور تہذیب و شریعت کو نفرت و حقارت سے پیروں تلے کچلا ہے، ترجمان تحریک انصاف

سائفر اور توشہ خانہ جیسے بیہودہ مقدمات کے بعد عدّت میں نکاح کے کیس کے فیصلے کے ذریعے قابلِ نفرت سیاسی انتقام کا مذموم ایجنڈا آگے بڑھانے کی کوشش کی، ترجمان تحریک انصاف

کپتان نے شدید گراوٹ، صریح ناانصافی اور ننگی لاقانونیت کے سامنے سر جھکایا نہ ان کی قوم فرعونیت کو قبول کرے گی، ترجمان تحریک انصاف

ظلم اور ناانصافی کا پوری جرات اور بہادری سے سامنا کرتے قوم کے بہادر قائد پر کئے جانے والے ہر ظلم اور ان کے ساتھ روا رکھی جانے والی ہر بے انصافی کا بدلہ 8 فروری کو عوام اپنے ووٹ سے لیں گے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ